استفادہ کرسکتے ہیں۔

ماہنامہ الاضواء زیرادارت مولانا عبدالحمید نعمانی وجناب عبدالاحد الازہری۔ تقطیع اخباری سائز ضخامت ۴۸ صفحات، کاغذ اور ٹائپ بہتر۔ سالانہ چندہ تین روپے۔ پتہ: معہد ملت مالیگاؤں ضلع ناسک۔ (مہاراشٹر)

"معہد ملت" مہاراشٹر میں اسلامی علوم وفنون کی ایک مثالی درسگاہ ہے جہاں صرف عربی زبان وادب نہیں۔ بلکہ عربیت کا صحیح ذوق پیدا کرنے کا اہتمام بلیغ کیا جاتا ہے جس کے بغیر قرآن وحدیث کی کما حقہ، فہم استعداد پیدا ہی نہیں ہوسکتی۔ متعدد اساتذہ قاہرہ کے فارغ التحصیل ہیں اور عربی زبان وادب کا بڑا عمدہ ذوق رکھتے ہیں۔ پھر بڑی بات یہ ہے کہ یہ مدرسہ عام مدارس عربیہ کے برخلاف جتھہ بندی سے بہت دور ہے اور اس کی وجہ یہ ہے کہ اپنے معہد کی طرح سب اساتذہ علم اور دین کے بڑے مخلص، بے لوث اور ساتھ ہی روشن خیال خدمت گذار ہیں خوشی کی بات ہے کہ ادھر گذشتہ چند ماہ سے معہد ملت نے اپنا ماہوار جریدہ عربی زبان میں شائع کرنا شروع کیا ہے جو پابندی اور باقاعدگی سے نکل رہا ہے۔ اس جریدہ کی خصوصیت یہ ہے کہ ہندوستان اور بیرونی ممالک خصوصاً عالم اسلام کی اہم خبروں کے علاوہ جن کا تعلق اسلام یا مسلمانوں سے ہوتا ہے اردو زبان کی اہم علمی اور اسلامی تصنیفات کا مفصل تعارف دنیائے عرب سے کراتا رہتا ہے۔ اس قسم کے تراجم کے علاوہ اس میں عربی زبان وادب اور دوسرے اسلامی موضوعات پر جو مقالات ہوتے ہیں وہ بھی معلومات افزا اور لائق مطالعہ ہوتے ہیں۔ ہندوستان میں عربی کے اساتذہ اور طلبا کی کمی نہیں ہے۔ ان کو اس جریدہ کی حوصلہ افزائی کرنی چاہئے تاکہ اس کی ضخامت میں اضافہ ہوسکے۔

احکام شرعیہ میں حالات وزمانہ کی رعایت۔ از مولانا محمد تقی امینی تقطیع کلاں ضخامت ۲۰۰ صفحات کتابت وطباعت اعلیٰ۔ قیمت مجلد ۱۰/ پتہ: ندوۃ المصنفین۔ اردو بازار دہلی۔

اس کتاب کا پہلا اڈیشن پاکستان سے شائع ہوا تھا اور اسی زمانہ میں ان صفحات میں